## سوال

(209)شہریت حاصل کرنے کےلیے صرف کاغذی نکاح کا حکم

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا گرین کارڈ کے حصول کےلیے کسی امریکی نصرانی عورت سے شادی کرنا جائز ہے جس میں اس سے معاشرت نہ کی جائے یا پھر اس سے علیحدہ رہاجائے(اور نکاح صرف کاغذی کاروائی کی حیثیت رکھتا ہو)؟

اس شادی سے میری نیت یہ ہے کہ میں بیوی کے ملک میں آجاسکوں اوراپنے والدین جوکی میرے اصلی وطن میں رہائش پذیر ہیں۔ کا تعاون کرسکوں اور کمپیوٹر پروگرامر کی سند پر ملازمت کرسکوں؟اللہ تعالیٰ آپ کوجزائے خیر دے۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صرف شہریت حاصل کرنے کےلیے شادی کرنا اور پھر بیوی کو طلاق دے دینا مجھے تو یہ ظاہر ہوتا ہے کہ شریعت میں یہ جائز نہیں۔ اسی طرح نصرانی عورت سے صرف اوراق میں ہی نکاح کرنا ان کفار ساتھ حیلہ اور مکروفریب ہی ہے جوکہ جائز نہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ ظلم کوپسند نہیں فرماتا حتیٰ کہ کافر پر بھی کسی قسم کے ظلم کو پسند نہیں کرتا۔ (شیخ ابن باز رحمة اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

# فتاویٰ نکاح وطلاق

# ص274

محدث فتویٰ